| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ک' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ق' کو پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف 'ا تا ق' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ک' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ک' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ک' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ک' ہے۔ یہ حروف تہجی کا انتیسواں حرف ہے بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ک' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ک' کے ذخیرہ الفاظ (کتاب، کیک، کبوتر، کیلا، کوا، کرسی، کنگھی) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ک' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ک' سے کبوتر کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ اور اُس کے ساتھ کاٹن دی جائے گی۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ کبوتر میں گلو لگائیں پھر بچوں کو کبوتر کے اوپر کاٹن لگانے میں مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ کاٹن<br>گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ک' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ک‘ | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’ک‘ کو پہچان سکیں اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔بچوں کو حرف ’ک‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ق‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ق‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’ک‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>کالی چڑیا کی شادی تھی     کوا جس کا ماموں تھا<br>کوئل جس کی دادی تھی     کالی چڑیا کی شادی تھی<br>طوطے آئے بینڈ بجاتے     سارس آئے سہرا گاتے<br>کالی چڑیا کی شادی تھی     جو آتا ہے وہ دعوت کھاتا | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 68 کھولیں۔اور حرف ’ک‘ پر انگلی پھیریں اور حرف ’ک‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے۔’ک‘ کی آواز کی بار بار دہرائی کروائیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 68 | |
| | **ک سے کیتلی:** بچوں کو میز پر کیتلی اور کپ رکھ کے دیئے جائیں گے۔<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ کیتلی کے اندر پانی ہے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ کیتلی سے پانی کپوں میں ڈالیں اور ایک دوسرے کو پیش کریں۔ | 20 منٹ | کیتلی کپ پانی | |
| | **اختتامیہ:** حرف ’ک‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:** ورک شیٹ دی جائے گی ’ک‘ کی اشیاء میں رنگ بھریے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ک' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ک' کو پہچان سکیں اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ک' کا تلفظ اُس کی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'ک' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ک' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک پارک میں ایک درخت پر کوا، کبوتر اور کوئل رہتے تھے۔ اُس درخت کے نیچے کرسیاں رکھی ہوئیں ہیں۔ لوگ صبح صبح کرسیوں پر بیٹھ کوئل کی کوک سنتے تھے۔ اور کیتلی میں چائے ڈال کر لے آتے اور ساتھ ساتھ کتابیں بھی پڑھتے تھے۔ اور ایک دوسرے کو کہانیاں سناتے اور خوب مزے کرتے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ک' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس کو بچے ٹریس کریں گے پھر بچوں کو کہا جائے گا کہ رنگین کاغذ کو کاٹ کر اس پر پیسٹ کریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، رنگین کاغذ گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے کوئل، کتاب، کہانی کیتلی کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ک' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ک' کی پہچان کرسکیں۔ اُس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ( کوئی سے سات ) اور اُس کی بناوٹ جان سکیں گے۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ک' کا تلفظ اُس کی بناوٹ اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>حرف 'ک' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا اس میں 'ک' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ک' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے کوا، کرسی اور کنگھا کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آوازیں بتائی جائیں گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ک' کی تصاویر کے ساتھ ساتھ باقی تصاویر کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ک' کی تصاویر الگ کریں اور اُن کے نام بتائیں۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 69 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا شیر کی ابتدائی آواز 'ک' ہے۔ بچوں کو 'ک' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ک' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | تصویری فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 69 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ک' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ک‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ک‘ کی پہچان کرسکیں۔ اُس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اُس کی بناوٹ جان سکیں گے۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف ’ک‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف ’ک‘ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف ’ک‘ پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر حرف ’ک‘ کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ک‘ پر پینسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ق‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ق‘ کی نشاندہی کرنے پر |